**پاکستان سکول عیسیٰ ٹاون، وزارت تعلیم مملکت بحرین**

**سینڈاپ امتحان فروری 2021ء برائے جماعت یازدہم**

نام---------------- Version Number | | | | |

سیکشن---------------- وقت برائے معروضی سوالات۔25منٹ

پرچہ----------اردو لازمی نمبر۔ 20

**حصہ اوّل۔ معروضی**

**نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ جوابی کاپی کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظمِ مرکز کے حوالے کر دیں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر1۔ مہیا کی گئی او ایم آر(OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب منتخب کر کے متعلقہ دائرہ پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

1۔ سر سید احمد خان---- میں پیدا ہوئے۔

الف۔1817ء ب۔1818ء ج۔1913ء د۔1712ء

2۔ سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی اصلاح کے لیے رسالہ۔۔ جاری کیا۔

الف۔ مخزن ب۔ تہذیب الاخلاق ج۔ فاران د۔ رسالہ تمدن دہلی

3۔ کس چیز کے نہ ہونے سے آدمی کو اپنے وعدے یاد نہیں رہتے۔

الف۔ دل ب۔ قوائے عقلیہ ج۔ ذہن د۔ حافظہ

4۔ مولوی صاحب، قصاب اور حجام کس ڈرامہ کے کردار ہیں؟

الف۔ تعلیمِ بالغاں ب۔ رستم و سہراب ج۔ یہودی کی لڑکی د۔ خوبصورت بلا

5۔ بڑے چچا کس کے حامی تھے؟

الف۔ کانگرس کے ب۔ مسلم لیگ کے ج۔ انگریز سرکار کے د۔ کسی کے بھی نہیں

6۔ مولوی صاحب نے درخواست کس کے نام لکھوائی تھی؟

الف۔ ڈی سی ب۔ کمشنر ج۔ محکمہ تعلیم د۔ ناظم بلدیہ

7۔ ہر زندہ قوم میں----------کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

الف۔ روح ب۔ تاریخ ج۔ جغرافیے د۔ نظریے

8۔ شامل نصاب نظم "شہرِ آشوب" میں کس شہر کی تباہی و بربادی کا ذکر کیا گیا ہے

الف۔ آگرہ ب۔ فیض آباد ج۔ لکھنؤ د۔ مدراس

9۔ نظم "جلوہ سحر" کس شاعر کی نے لکھی ہے؟

الف۔ عبدالرحمن بابا ب۔ میر انیس ج۔ علامہ اقبال د۔ حفیظ جالندھری

10۔ مسدّس کے ہر بند میں۔۔ مصرعے ہوتے ہیں

الف۔ چھ ب۔ پانچ ج۔ تین د۔ چار

11۔"نصیحت اخلاق "کس شاعر کی تخلیق ہے۔

الف۔اکبرالٰہ آبادیؔ ب۔میر انیسؔ ج۔نظیر اکبر آبادیؔ د۔حفیظ جالندھریؔ

12۔"دروغ گورا حافظہ نباشد"ایک مشہور۔۔۔ہے

الف۔مقولہ ب۔ضرب المثل ج۔قول د۔محاورہ

13۔"لسان العصر"کے نام سے آج بھی۔۔کو یاد کیا جاتا ہے

الف۔اکبرالٰہ آبادیؔ ب۔نظیر اکبر آبادیؔ ج۔میر انیسؔ د۔مرزا دبیرؔ

14۔۔۔۔۔۔کو"خدائے سخن"اور"شہنشاہِ غزل"کے نام سے یاد کیا جاتا ہے

الف۔میر دردؔ ب۔میر تقی میرؔ ج۔مرزا غالبؔ د۔داغ دہلویؔ

15۔غزل کا ہر شعر۔۔ہوتا ہے

الف۔ہم ردیف ب۔ہم قافیہ ج۔الگ الگ د۔ہم آواز

16۔میر کی غزل کا بنیادی موضوع۔۔ہے

الف۔غم ب۔شک ج۔خوشی د۔حسن

17۔خواجہ میر دردؔ کے کلام کا نمایاں وصف۔۔ہے

الف۔معاملہ بندی ب۔مقصدیت ج۔تصوّف د۔سیاست

18۔خدیجہ مستور کی شہرت کی اصل وجہ اُن کا انعام یافتہ ناول۔۔۔ہے

الف۔بوچھاڑ ب۔آنگن ج۔الف لیلہ د۔زمین

19۔ایک چیز کو کسی مشترک خصوصیت کی بنیاد پر دوسری چیز کی مانند قرار دیا جائے تو اسی کہتے ہیں۔

الف۔تشبیہ ب۔استعارہ ج۔تلمیح د۔ردیف

20۔"جب دو یا دو سے زیادہ الفاظ حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوں تو وہ۔۔۔کہلاتا ہے

الف۔استعارہ ب۔محاورہ ج۔روزمرّہ د۔ان میں کوئی نہیں

**پاکستان سکول عیسیٰ ٹاون، وزارت تعلیم مملکت بحرین**

**سینڈاپ امتحان فروری 2021ء برائے جماعت یازدہم**

**وقت۔ 2گھنٹے 35منٹ** **کل نمبر حصہ دوم وسوم۔ 80**

**نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ اضافی جوابی کاپی طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔**

## حصّہ دوم (کل نمبر 48)

**سوال نمبر 2: دیئے گئے ہر حصے میں دی گئی ہدایات کے مطابق شامل نصاب کتاب کی روشنی میں تین سے پانچ سطروں تک محدود جوابات لکھیے۔ (12×4=48)**

**الف: حصہ نثر: کوئی سے پانچ (5) اجزاء کے جوابات لکھیں۔** **(5×4=20)**

i. دنیا کی معزز قوموں قومی ترقی کن خوبیوں کا مجموعہ ہے؟

ii. جھوٹ سے سچ کا جاننا کیوں مشکل ہے؟

iii. جمیل اور بڑے چچا میں اختلاف کی کیا وجہ تھی؟

iv. مدرسہ تعلیم بالغاں کہاں واقع تھا؟

v. لوک کہانی کی تعریف لکھیں

vi. شیخ سعدی کے مزار پر مصنف کی کیا کیفیت تھی؟

**ب: حصہ نظم: کوئی سے تین (3) اجزاء کے جوابات لکھیں۔** **(3×4=12)**

i. شاعر نے گھر کی مفلسی کا کیا نقشہ کھینچا ہے؟ ( بحوالہ نظم " شہر آشوب")

ii. نظم " نصیحت اخلاقی " میں ہونہار بیٹے کی کیا خصوصیات بتائی گئی ہیں؟

iii. نظم " جلوہ سحر " کا مرکزی خیال لکھیں۔

iv. " پایا در مراد بڑی خاک چھان کے " اس مصرے کی وضاحت کریں۔

**ج: حصہ غزل: کسی ایک جزو کا جواب لکھیں۔** **(1×4=4)**

i. میر درد کو مے خانے کے محتسب سے کیا شکوہ ہے؟

ii. میر تقی میر کی شاعرانہ خصوصیات پر نوٹ لکھیں۔

**د: حصہ قواعد واصطلاحات: کوئی سے دو اجزاء کے جوابات لکھیں۔** **(2×4=8)**

i. تشبیہ کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

ii. ردیف کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں دیں۔

iii. روز مرہ اور محاورہ میں کیا فرق ہے؟

**سوال نمبر 3: درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کریں۔** **(1×4=4)**

اکثر و بیشتر بادشاہوں کے برخلاف شیر شاہ سوری ایک بہادر، ایک دور اندیش اور ایک فلاحی منصوبے بنانے والا بادشاہ خیال کیا جاتا ہے۔ لگ بھگ پانچ سو سال قبل، کابل سے کلکتہ اور کابل سے دہلی تک عظیم شاہراہیں بنانے کے منصوبے ہوں یا بھیرہ سے بہار تک مسجدیں، مسافر خانے اور قلعے بنانے کا نظام، زمین کی پیمائش ہو یا جنگی اور انتظامی حکمت عملی، وہ ایک سوچنے، سمجھنے اور غور کرنے والا بادشاہ تھا۔

## حصّہ سوم (کل نمبر 32)

**سوال نمبر 4: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ (1+1+4=6)**

(الف) اکثر ماں باپ اپنے بچوں کو ان کی معصوم خطاؤں پر اور بے باک شوخیوں اور گستاخیوں پر خوب گوشمالی کرتے ہیں، مگر وہ یاد رکھیں کہ بچوں کو صرف ان دو قصوروں پر سزا دینی چاہیے؛ ایک جھوٹ پر اور دوسری سرکشی پر۔ جب تک کہ اِن دونوں برائیوں سے اُن کو وہ نہ چُھٹائیں، سزا دینے سے ہاتھ کو نہ اٹھائیں۔ اگر جھوٹ کا چسکا اِس عمر میں زبان کو لگ گیا، تو وہ بڑے ہونے پر اور بڑھے گا۔

(ب) آدمی جس قدر کہ دوسرے پر بھروسہ کرتے جاتے ہیں خواہ اپنی بھلائی اور ترقی کا بھروسہ گورنمنٹ ہی پر کیوں نہ کریں، یہ امر بدیہی اور لابدی ہے کہ وہ اس قدر بے مدد اور بے عزت ہوجاتے ہیں۔ اے ہم وطن بھائیو! کیا تمہارا یہ ہی حال نہیں ہے؟ ایشیا کی تمام قومیں یہی سمجھتی رہی ہیں کہ اچھا بادشاہ ہی رعایا کی ترقی اور خوشی کا ذریعہ ہوتا ہے۔ یورپ کے لوگ جو ایشیا کے لوگوں سے زیادہ ترقی کر گئے تھے، یہ سمجھتے تھے کہ عمدہ انتظام قوم کی عزت، بھلائی، خوشی اور ترقی کا ذریعہ ہے۔

**سوال نمبر 5: کسی ایک جزو کی بحوالہ نظم اور شاعر تشریح کریں۔ (1+1+5=7)**

(الف)
ہے تمنا کہ رہے نعت سے تیرے خالی — ہو مرا ریشۂ امید، وہ نخل سرسبز
نہ مرا شعر، نہ قطعہ، نہ قصیدہ، نہ غزل — جس کی ہر شاخ میں ہو پھول، ہر اک پھول میں پھل
رخِ انور کا ترے دھیان رہے بعد فنا
میرے ہمراہ چلے راہِ عدم میں مشعل

(ب)
اترو مسافرو! کہ سفر ہو چکا تمام — مقتل یہی زمیں ہے، یہی مشہد امام
کوچ اب نہ ہوگا حشر تلک، ہے یہیں قیام — اونٹوں سے بار اتار کے برپا کرو خیام
بستر لگاؤ شوق سے، اس ارض پاک پر
چھڑکا ہوا ہے آب بقایاں کی خاک پر

**سوال نمبر 6: کوئی سے تین اشعار کی تشریح کریں۔ شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (3+3+3=9)**

(الف) افسوس! ہم تو رہے مست خواب صبح — اور آفتاب عمر لب بام آگیا
(ب) کوئی ناامیدانہ کر کے نگاہ — سو تم ہم سے منھ بھی چھپا کر چلے
(ج) باوجودیکہ پر و بال نہ تھے آدم کے — واں پہ پہنچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا
(د) قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا — پر ترے عہد کے آگے تو یہ دستور نہ تھا
(ہ) سمجھو خدا کے واسطے پیارے برا نہیں — دو دن، اگر کسی کے کوئی کام آگیا

**سوال نمبر 7: "بے ہنگم ٹریفک کے نقصانات" کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔ 5**

**سوال نمبر 8: چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر اسے اپنی تعلیمی کارکردگی بہتر بنانے کی تلقین کریں۔ 5**